85412 ـ بیوی سے کہا: اگر تم نے ایسے کیا تو تم مجھ پر حرام

سوال

ڈش کے رسیور کے متعلق میرا اور بیوی کا آپس میں اختلاف اور جھگڑا ہوگیا اور میں ایسا کلمہ کہہ بیٹھا جس کا مقصد نہ تھا اور نہ ہی میں اس کے حکم کا علم رکھتا تھا، اور پھر یہ کلمہ شدید غصہ کی حالت میں کہا: اگر تم نے دوبارہ چلایا تو تم مجھ پر حرام ہوگی.
جب یہ کلمات کہے تو میں شدید غصہ کی حالت میں تھا اور میں نے اسی حالت میں ریسیور کو بھی توڑ ڈالا، اور اب تك میں نے دوبارہ نہیں لگایا، برائے مہربانی بتائیں کہ اس کا حکم کیا ہے، کیا میں دوبارہ ریسیور لگا سکتا ہوں یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

سوال نمبر (81984) کے جواب میں اپنے اوپر بیوی کو حرام کرنے والے کا حکم بیان کیا گیا ہے، کہ اگر اس سے وہ طلاق کی نیت کرے تو طلاق ہوگی اور اگر اس سے ظہار کی نیت رکھتا ہو تو ظہار ہوگا، یا پھر قسم کی نیت ہو تو قسم کا حکم ہوگا، یہ اس کی نیت پر منحصر ہوگا، اور اگر وہ کچھ بھی نیت نہ کرے تو اس پر قسم کا کفارہ لازم آئیگا.

اور اس لیے کہ آپ کا کہنا ہے: (آپ اس کلام کا حکم نہ جانتے تھے، اور نہ ہی یہ کہنے کا مقصد تھا) اس لیے اگر آپ کی بیوی نے رسیور چلایا تو آپ پر قسم کا کفارہ کی ادائیگی واجب ہے، اور اگر اس نے ریسیور نہیں چلایا تو پھر کچھ نہیں.

دوم:

آپ کا یہ سوال کہ:

کیا میں دوبارہ ڈش کا ریسیور لگا لوں ؟

اگر تو آپ اسے اس لیے لگانا چاہتے ہیں کہ اس سے بہتر فائدہ اٹھائیں اور اسلامی پروگرام کا مشاہدہ کریں اور علماء کی تقاریر اور لیکچر سن سکیں تو اسے نصب کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور آپ کو قسم کا کفارہ ادا کرنا ہوگا.

ليكن اگر آپ اسے اس ليے نصب كرنا چاہتے ہيں كہ گندى اور فحش فلميں ديكھيں اور ناجائز و حرام پروگرام كا مشاہدہ كريں تو بلاشك و شبہ اسے نصب كرنا حرام ہوگا، اور پھر اس ميں تو آپ اور آپ كى اولاد اور بيوى كے اخلاق كو بھى خطرہ ہے.

واللہ اعلم .